# اہم اعلان

**ضمنی امتحانات:**

ضمنی امتحان کے داخلے 10 شوال المکرّم 1443ھ تک وصول کیے جائیں گے اور امتحان بروز منگل، بدھ، جمعرات 29، 30 شوال المکرّم وکیم ذیقعدہ 1443ھ مطابق 31 مئی و 1، 2 جون 2022ء منعقد ہوگا تاکہ نئے سال کے تعلیمی داخلوں میں سہولت رہے۔

**نظرِ ثانی کی تاریخ:**

سالانہ امتحان 1443ھ کے پرچہ جات پر نظرِ ثانی کی درخواستیں 10 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔

**قدیم فاضلات کا امتحان:**

سابقہ چار سالہ نصاب کی فاضلات سے دوبارہ جو امتحان بعنوان ''قدیم فاضلات'' لیا جاتا ہے یہ سلسلہ سال 1444ھ سے بند کر دیا گیا ہے۔ البتہ ضمنی امتحان 1443ھ میں داخلہ لے سکتی ہیں۔

**تعلیمی دورانیہ:**

مدارس میں نئے تعلیمی سال کے داخلہ کی کارروائی 7 تا 15 شوال مکمل کی جائے اور تعلیم کا آغاز 16 تا 20 شوال کے دوران ہو۔ تعلیم کا اختتام 10 تا 15 رجب 1444ھ مطابق یکم تا 5 فروری 2023ء تک کیا جائے۔

**آن لائن داخلہ:**

آئندہ سال 1444ھ سے آن لائن امتحانی داخلہ کا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ درجہ حفظ، متوسطہ، ثانویہ خاصہ اول کی رجسٹریشن حسبِ معمول بذریعہ داخلہ فارم ہوگی۔

**غیر وفاقی درجات اور غیر وفاقی طلبہ وطالبات کا امتحان:**

جن درجات کا سالانہ امتحان وفاق لیتا ہے، ان درجات کا امتحان مدارس و جامعات نہ لیں البتہ ان درجات میں غیر وفاقی طلبہ وطالبات کا اور غیر وفاقی درجات کا امتحان مدارس و جامعات اپنے نظم کے تحت لیں۔